ڈالا جاتا ہے بلکہ تمہاری اقتصادی حالت بد سے بدتر ہوتی جارہی ہے خدارا ان واہیات عوارض سے خود بچو اور اپنے عزیز واحباب کو بچاؤ۔ ورنہ جان رکھو اخلاقی و اقتصادی حالت بگڑنے کے بعد کسی قوم کی زندگی برقرار نہیں رہتی۔

حجیتِ حدیث حضرت مولانا احمد اللہ صاحب کا قابل قدر سلسلۂ مضمون بعنوان حجیتِ حدیث ستمبر تک دو نمبروں میں نکل چکا ہے افسوس کہ اکتوبر و نومبر کے پرچوں میں بعض وقتی اور ضروری مضامین کی وجہ سے اسکی اشاعت نہ ہو سکی۔ انشاء اللہ دسمبر سے اس کا سلسلہ مسلسل جاری رہیگا۔

مدیر

ترغیب عمل

(از مولٰنا عبید الرحمٰن صاحب عاقل رحمانی "فاضل رحمانیہ" و "افضل العلماء" مدراس یونیورسٹی)

اگر ہو جائیں ہم توحید پر عامل نئے سر سے
ہلا دیں پھر زمیں کو نعرۂ اللہ اکبر سے

ہلاکت خیز طوفاں آ گیا ہے بحرِ مغرب سے
دکھا دے آنکھ یوں مسلم! کہ دب جائے ترے ڈر سے

فضاؤں میں گھٹا چھائی ہوئی ہے کفر و ظلمت کی
منور کر اسے اسلام کے خورشید انور سے

ترقی کے فلک کا بن کے مسلم اخترِ تاباں
چمک اپنی بڑھا دے سب حریفانِ نگوں سر سے

تلاطم پھر وہ پیدا کر ابھر کر بحرِ ہستی میں
کہ کشتی کفر کی ٹکڑے ہو جائے ایک ٹکر سے

تو رشتہ جوڑ دے تقدیر سے تدبیر کا اپنی
یہ بے جا ہے گلہ کرنا "نہیں چارا مقدر سے"

بنا اے مرغِ دل اپنا نشیمن چرخِ گردوں پر
تعلق منقطع کر لے تو ہر شاخِ گلِ تر سے

عدم کی پرورش میں ہے یہی نیرنگیٔ عالم
"فنا ہو جائے گی دنیا اجل کی ایک ٹھوکر سے"

مئے توحید کا ساقی نہیں ہے اندنوں عاقل
پلا دے تو ہی سب کو ملتِ بیضا کے ساغر سے